## ایم کیوایم، کسی بھی عوام دشمن فیصلہ کی حمایت نہیں کرسکتی، الطاف حسین

## فلڈ سرچارج اوراصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس کا نفاذ غریب عوام کو اجتماعی خودکشی کی دعوت دینے کے مترادف ہوگا

## حکومت، تنخواہ دار طبقہ پر ٹیکسوں کا مزید بوجھ لادنے کے بجائے زرعی آمدنی پر ٹیکس نافذ کرے،

## ٹیکس چوری کرنے والے بااثر افراد کے خلاف قانونی کارروائی کرے اور غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی کرے

## چینی کی قیمت آسمان پر پہنچانے والے شوگر مل مالکان اور ذخیرہ اندوزوں کے گناہ کی سزا غریب عوام کو دی جارہی ہے

## نائن زیرو عزیز آباد میں حق پرست عوامی نمائندگان کے ہنگامی اجلاس سے ٹیلی فون پر گفتگو

کراچی۔۔۔14، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے بانی وقائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ فلڈ سرچارج، اصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس اور صوبہ سندھ میں اضافی پراپرٹی ٹیکس کے نفاذ سے ملک بھر کا تنخواہ دار طبقہ براہ راست متاثر ہوگا اوران ٹیکسوں کا نفاذ غریب عوام کو اجتماعی خودکشی کی دعوت دینے کے مترادف ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ وہ مہنگائی سے متاثرہ تنخواہ دار طبقہ پر ٹیکسوں کا مزید بوجھ لادنے کے بجائے زرعی آمدنی پر ٹیکس نافذ کرے، ٹیکس چوری کرنے والے بااثر افراد کے خلاف قانونی کارروائی کرے اور غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی کرے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، ارکان سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے ارکان کے ہنگامی اجلاس سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ کھلی حقیقت ہے کہ مراعات یافتہ طبقہ سے تعلق رکھنے والے جاگیردار، وڈیرے، سردار، سرمایہ دار، بیوروکریٹس اور سیاستدان اپنا اثر ورسوخ استعمال کرکے یا تو سرے سے ٹیکس ہی ادا نہیں کرتے یا ٹیکس چوری کرکے قومی خزانہ کو نقصان پہنچاتے رہے ہیں۔مراعات یافتہ طبقہ کی ملک اور بیرون ملک بڑی بڑی جائیدادیں ہیں لیکن یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ ملک بھر میں ٹیکس کی مد میں حاصل ہونے والی کل رقم کا صرف دو سے ڈھائی فیصد حصہ مراعات یافتہ طبقہ سے لیا جاتا ہے جوکہ ملک بھر کے غریب اور تنخواہ دار طبقہ پر سراسر ظلم کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے سیلاب زدگان یا زلزلہ متاثرین کی امداد کیلئے ٹیکس چوروں اور کم ٹیکس دینے والوں پر ٹیکس نہیں لگایا گیا بلکہ اس تنخواہ دار طبقہ پر ٹیکس کا اضافی بوجھ ڈالا گیا جوکہ پہلے ہی باقاعدگی سے ٹیکس ادا کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس اور فلڈ سرچارج سے ملک بھر کا تنخواہ دار طبقہ متاثر ہوگا جبکہ صوبہ سندھ میں اضافی پراپرٹی ٹیکس کے نفاذ کا بوجھ سندھ کے شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے تنخواہ دار طبقہ پر پڑے گا جوکہ باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ان ٹیکسوں کے نفاذ سے بڑے بڑے جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں، سرمایہ داروں اور صنعتکاروں کو چھوٹ دیکر اور ٹیکس نیٹ کا دائرہ وسیع کرنے کے بجائے ایک مرتبہ پھر باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرنے والے تنخواہ دار طبقہ کو قربانی کا بکرا بنایا گیا ہے اوران ٹیکسوں کے نفاذ سے نہ صرف مہنگائی میں مزید ہوشربا اضافہ ہوگا بلکہ یہ عمل ملک بھر کے عوام کو اجتماعی خودکشی کی دعوت دینے کے مترادف ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کی واحد جماعت ہے جوغریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہے اور غریب عوام کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم، عوام دشمن کسی بھی فیصلہ کی حمایت نہیں کرسکتی۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ وہ ٹیکس کا بوجھ تنخواہ دار طبقہ پر لادنے کے بجائے زرعی آمدنی پر ٹیکس نافذ کرے، ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا جائے، ٹیکس چوری کرنے والے مراعات یافتہ طبقہ کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائے، کابینہ کے ارکان کی تعداد میں کمی کرے، ریاست کے ہر شعبہ میں کفایت شعاری سے کام لے، ایوان صدر، وزیراعظم ہاؤس اور گورنر ہاؤس کے اخراجات میں کمی کرے اور غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی کردے تو اس طرح دو سے تین ہزار ارب روپے قومی خزانہ میں جمع ہوسکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی جانب سے ریلوے، اسٹیل مل، پی آئی اے اور دیگر اداروں کی سپورٹ میں کھربوں روپے دیئے جارہے ہیں جبکہ یہ منافع بخش ادارے کرپشن کے باعث نقصان کا شکار ہیں۔اگر ان اداروں سے کرپشن کا خاتمہ کردیا جائے تو یہ ادارے ایک مرتبہ پھر منافع بخش ہوسکتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے چینی کی قیمت میں اضافہ کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے چینی کی 40 روپے فی کلو قیمت مقرر کرنے کا حکم دیا گیا تھا لیکن سپریم کورٹ کے حکم پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔چینی کی قیمت میں اضافہ شوگر مل مالکان اور ذخیرہ اندوزوں کی ملی بھگت کا شاخسانہ ہے اور چینی کی قیمت آسمان پر پہنچانے والے شوگر مل مالکان اور ذخیرہ اندوزوں کے گناہ کی سزا غریب عوام کو دی جارہی ہے۔گزشتہ ڈھائی برسوں کے دوران چینی کی فی کلو قیمت 26 روپے سے 125 روپے فی کلو تک جا پہنچی اور اس اضافہ سے شوگر مل مالکان اور ذخیرہ اندوزوں نے اربوں کھربوں روپے کا منافع کمایا ہے لیکن ان عناصر کے خلاف محض اس لئے قانونی کارروائی نہیں کی گئی کہ ان کا تعلق حکومت یا اپوزیشن سے ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر حکومت اربوں، کھربوں روپے منافع کمانے والے شوگر مل مالکان اور ذخیرہ اندوزوں کو گرفتار نہیں کرنا چاہتی تو نہ کرے لیکن کم ازکم منافع سے حاصل ہونی والی رقم حاصل کرلیتی تو اسے فلڈ سرچارج اور اصلاحاتی جنرل سیلز ٹیکس کے نفاذ کا عوام دشمن فیصلہ نہیں کرنا پڑتا۔جناب الطاف حسین نے حق پرست نمائندگان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم عوامی جماعت

ہےاورعوام نے ایم کیوایم پراعتماد کا اظہار کرتے ہوئے آپ کوسینیٹ،قومی اسمبلی اورصوبائی اسمبلی میں اپنی نمائندگی کا حق دیا ہےلہٰذا یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ ایوانوں میں عوام کے مسائل بیان کریں اورعوام کوریلیف دلانے کیلئے اپنا بھرپورکردارادا کریں۔

## کراچی کے ہرشہری کا دکھ دردایم کیوایم کا دکھ درد ہے،مصطفیٰ کمال

## دوسرے روزبھی سانحہ سی آئی ڈی سول لائن کے متاثرہ خاندانوں میں نقدرقوم ودیگرامدادی سامان کی تقسیم

## مدینہ بستی،ہاشمی کالونی،واٹربورڈ کالونی اورکےایم سی کالونی کا دورہ اورمتاثرین سے فرداًفرداًملاقات

کراچی۔۔۔14،نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی سید مصطفیٰ کمال اوررکن رابطہ کمیٹی واسع جلیل نے کہاہے کہ قائدتحریک الطاف حسین اورمتحدہ قومی موومنٹ شہرقائدکواون کرتی ہے یہاں کے ہرشہری کا دکھ دردایم کیوایم کا دکھ درد ہے،عوام کی بلاتفریق رنگ ونسل،زبان،مسلک ومذہب بےلوث خدمت ہی ایم کیوایم کا نصب العین ہے متاثرین ہرگز پریشان نہ ہوں جب تک ایک ایک متاثرہ شخص اپنے گھرمیں آبادنہیں ہوجاتا ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے اتوارکےروزبم دھماکے سے متاثرہ سی آئی ڈی سول لائن میں لگائے گئے امدادی کیمپ،مدینہ بستی،ہاشمی کالونی،واٹربورڈ کواٹر،کےایم سی کواٹراورپی آئی ڈی سی کے علاقے کے دورے کےموقع پرمتاثرین میں دوسرے روزمزیدنقدرقوم کی تقسیم کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پران کے ہمراہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی سیدمقیم عالم اورایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،سیکٹرزویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاربھی موجود تھے۔مصطفیٰ کمال اورواسع جلیل نے متاثرہ خاندانوں میں دوسرے روزبھی لاکھوں روپے نقدتقسیم کیےاورمتاثرہ علاقوں کا تقریباًدوگھنٹے تک دورہ کیااورفرداًفرداًمتاثرین افرادسے کے پاس جاکربات چیت کی اوران کے مسائل معلوم کرتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کامکمل یقین دلایا۔متاثرین سے گفتگومیں سیدمصطفیٰ کمال نے کہاکہ ہم قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر آپ کے پاس چل کرآئیں ہیں تاکہ آپ کی پریشانیوں اوردکھوں کا مداوا کرسکیں۔انہوں نے کہاکہ اس سلسلے میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرمتاثرہ علاقے میں فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ایک بڑاکیمپ بھی قائم کیا گیاہے جہاں ایم کیوایم کے ذمہ داران،حق پرست نمائندےاورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کارہمہ وقت موجود ہیں۔انہوں نے مزیدکہاکہ ایم کیوایم نے متاثرین کی بحالی کا کام شروع کردیاہےاورتباہ مکانات کا سروے کیا جارہاہےجس کےمکمل ہوتے ہی تعمیرتی کام کا آغاز کردیا جائیگا۔انہوں نے کہاکہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرتمام متاثرین میں گزشتہ روزبھی لاکھوں روپے مالیت کاراشن ودیگرامدادی سامان اورنقدرقوم تقسیم کی گئیں جس کی مجموعی مالیت ایک کروڑسے زائدبنتی ہے۔انہوں نے سانحہ میں جاں بحق افرادکےلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے کہاکہ جن افرادکی جانیں گئیں ہیں ان کی جانیں توہم واپس نہیں لاسکتے تاہم جن لوگوں کا مالی نقصان ہواہےان کے تباہ شدہ گھروں کوتعمیرکرواکران کی پریشانیوں کا مداوا کیا جاسکتا ہے جوہم کررہے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہاکہ شہرکا ناظم مصطفیٰ کمال نہیں بلکہ متحدہ قومی موومنٹ کا تھا،قائدتحریک الطاف حسین اورایم کیوایم اس شہرکواون کرتے ہیں جوشہریوں کے دکھ درد میں برابرکےشریک ہیں۔انہوں نے کہاکہ واٹربورڈکےاعلیٰ حکام سے رکن رابطہ کمیٹی وحق پرست صوبائی وزیررضاہارون کی بات ہوئی ہےاوریہ پمپنگ اسٹیشن چوبیس گھنٹے میں کام شروع کردے گا۔انہوں نے متاثرین کویقین دلایاکہ وہ پریشان نہ ہوں جب تک یہاں کے رہائشی متاثرہ افراداپنے گھروں میں آبادنہیں ہوجاتے اوران کی پریشانیاں ختم نہیں ہوجاتی ایم کیوایم ان کے ساتھ ہے۔اس موقع پرمتاثرین نے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کوسراہتے ہوئے کہاکہ ابھی تک حکومت یاکسی اورسیاسی ومذہبی جماعت یا سماجی تنظیموں نے یہاں کا دورہ نہیں کیا تاہم ایم کیوایم واحد جماعت ہےجس نے سب سے پہلے نہ صرف ہم سے ملاقات کی بلکہ ہمارے دکھوں اورپریشانیوں کا مداوا کیا۔انہوں نے ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیااوران کی صحت وتندرستی اوردرازی عمرکیلئے دعائیں کیں۔

## سی آئی ڈی بلڈنگ خودکش حملے کے متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے لگائے گئے کیمپس دوسرے روز بھی جاری رہے

کراچی۔۔۔14،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سی آئی ڈی بلڈنگ کراچی میں خودکش حملے سے متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے لگائے گئے رجسٹریشن اور مفت طبی امدادی کیمپس دوسرے دن اتوار کو بھی جاری رہے۔ پی آئی ڈی سی پل کے نزدیک بم دھماکے کے متاثرین کیلئے لگائے گئے رجسٹریشن کیمپ پر مزید متاثرہ مکینوں نے اپنے کوائف جمع کرائے اور اس سلسلے میں بنائے گئے خصوصی فارم بھی پُر کئے جبکہ متاثرہ مکینوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے قائم کئے گئے مفت طبی کیمپ پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے عملے نے مریضوں کا چیک اپ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔ رجسٹریشن کیمپ پر حق پرست ارکان سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم، مقیم عالم اور محمد طاہر نے متاثرہ مکینوں کے کوائف جمع کئے اور زخمیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ رجسٹریشن اور مفت طبی امدادی کیمپوں پر سی آئی ڈی بلڈنگ کے اطراف کے متاثرہ مکینوں نے رجسٹریشن اور طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے لگائے گئے کیمپوں کے قیام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دکھی انسانیت کی خدمت کا منہ بولتا ثبوت قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ جناب الطاف حسین واحد عوامی لیڈر ہیں جو ہزاروں میل دوری کے باوجود عوام کے احساسات اور جذبات کو محسوس کر لیتے ہیں اور انہیں ہر ممکن مدد و تعاون فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات بروئے کار لاتے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## سنی تحریک کے مرکزی رہنماء کی وفد کے ہمراہ نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

سنی تحریک کے مرکزی رہنماء شکیل قادری نے اتوار کی شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر اپنی تحریک کے دیگر عہدیداروں مطلوب اعوان، آفتاب قادری اور سلیم قادری کے ہمراہ ارکان رابطہ کمیٹی کنور نوید جمیل اور رضا ہارون سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی، علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور رکن ناصر یامین بھی موجود تھے۔ شکیل قادری نے سنی تحریک کے سربراہ ثروت قادری کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر قائد تحریک الطاف حسین کیلئے تعزیتی پیغام پہنچایا اور عمران فاروق شہید کی مغفرت کیلئے دعا کی۔ وہ کچھ دیر تک نائن زیرو پر موجود رہے، ملک خصوصاً کراچی کی سیاسی و امان کی صورتحال کے علاوہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شکیل قادری نے کہا کہ ملک خصوصاً کراچی میں امن و امان کی صورتحال بگڑتی جارہی ہے، سنی تحریک اور ایم کیوایم کی پاکستان کی سیاست میں ایک اہم حیثیت رکھتی ہے اور دونوں جماعتوں کے باہمی تعاون سے حالات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھالیں جمع کرنے کے دوران چھوٹے موٹے واقعات ہوجاتے ہیں لیکن ایک کھال کی قیمت کسی انسانی جان سے زیادہ نہیں ہوتی، ہم نے آج کی ملاقات میں مل جل کر اچھے انداز میں کام کرنے پر بھی غور کیا ہے تاکہ تیسری قوت کو امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کا موقع نہ ملے کیونکہ جب سنی تحریک اور ایم کیوایم مل کر کام کرتی ہیں تو تیسری قوت کو منہ کی کھانی پڑھتی ہے۔ دونوں تنظیموں کی قیادت مل جل کر کام کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ کنور نوید جمیل نے سنی تحریک کے وفد کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ کراچی میں جاری دہشت گردی سے پاکستان کا ہر شہری پریشان ہے آج ہم نے اسی مسئلے پر تبادلہ خیال کیا ہے کہ کراچی کو دوبارہ امن کا گہوارہ کیسے بنایا جاسکتا ہے اور امن قائم کیا جاسکتا ہے۔ رضا ہارون نے کہا کہ آج کی گفتگو میں کھالوں کا مسئلہ بہت زیادہ اہمیت کا حامل نہیں تھا اہمیت اس بات کی تھی کہ شہر میں امن کیسے قائم رکھا جاسکتا ہے؟ سنی اور ایم کیوایم کا تعاون شہر میں قیام امن اور تیسری قوت پر نظر رکھنے کیلئے ہے جو شہر کا امن خراب کرنا چاہتی ہے۔

## حق پرست عوام وکارکنان حاجی محمد بشیر کی مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔14،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد منشاء کے والد حاجی محمد بشیر کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ حاجی محمد بشیر کی مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی جانب سے 17 ستمبر کے موقع پر مجلّہ نقیب اور پوسٹر کا اجراء کردیا گیا

کراچی۔۔۔14نومبر 2010

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی جانب سے 17 ستمبر 2010 کے موقع پر مجلّہ نقیب اور مرکزی پوسٹر کا اجراء کردیا گیا ہے۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے اراکین نے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سید مصطفٰی کمال اور سیف یار خان کو نقیب اور پوسٹر پیش کرکے باضابطہ نقیب اور مرکزی پوسٹر کا اجراء کیا۔پوسٹر میں مرکزی خیال کے طور پر پاکستان کی موجودہ صورتحال کو پیش کیا گیا ہے کہ جہاں ملک میں ایک جانب ہر جگہ لوگ خودکش حملوں اور بم دھماکوں کی نذر ہورہے ہیں اور ملک میں امن و امان کی صورتحال انتہائی افسوسناک ہے تو دوسری جانب سیلاب سے تباہ حال غریب و بے سہارا لوگ اپنے بچے تک فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ایسی صورتحال میں کہ جب ان تمام وجوہات کی اصل جڑ ملک میں رائج فرسودہ وڈیرانہ و جاگیردارانہ نظام ہے تو بانی و قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اس فرسودہ نظام کے خاتمے اور ملک میں امن و امان کی صورتحال بہتر کرنے اور ملک کو خوشحال و سرسبز بنانے کا عزم کیا ہوا ہے کہ وہ اس ملک میں ایسا انقلاب لانا چاہتے ہیں جہاں خوشحالی اور امن کا قیام ہوگا اور مختلف طبقات میں تقسیم ہوئے لوگ ایک جگہ متحد ہوکر اس ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کریں گے۔یاد رہے کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے باعث نقیب اور پوسٹر کا اجراء اپنے مقررہ وقت پر نہیں ہوسکا تھا۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان محمد اسلم ملک اور سید شفقت علی کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی سانگھڑ زون سیکٹر شہداد پور کے کارکن محمد اسلم ملک اور ایلڈرز ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن سید شفقت علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا کرے۔(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 31 کے کارکن محمد فاروق کے بھائی محمد حنیف، اورنگی سیکٹر یونٹ 119 کے کارکن محمد اختر کی ہمشیرہ نازنین، ایلڈرز ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن سیّد شفقت علی اور سانگھڑ زون سیکٹر شہداد پور یوسی 4 کے کارکن محمد اسلم ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆